# سماعت کے لیے تیاری

**آیا آپ کی سماعت ذاتی ہے،بذریعہ ای میل یا آن لائن ہے، کامیاب نتائج کے حصول کے لیے اپنے امکانات کو بہتر بنانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل اقدامات کریں:**

- تیار رہیں. آپ اس قانون کے پورے حصے کو پڑھیں جس کا آپ کو حوالہ دیا گیا تھا اورجتنے زیادہ ثبوت جمع ہو سکتے ہیں ، کریں.
- متحرک بنیں. مکمل اور قابل بھروسہ ثبوت پیش کریں. آپ اپنے کیس کی معاونت کے لیے تصاویر ، تحریری بیانات اور سیٹلائٹ تصاویر کا استعمال کریں.
- پروفیشنل رہیں ایک منصفانہ بیان صفائی لکھیں اور کسی گواہ کے مصدقہ بیانات پر غور کریں.

ایک سماعت کی تیاری کی مخصوص تراکیب کے لیے دیکھیں www.nyc.gov/parkingadvocate

**اگر آپ قصور وار پائے گئے ہیں تو آپ فیصلہ کی تاریخ سے 30 دن کے اندر اپیل کرسکتے ہیں. اپیل کرنا:**

- مزید سزاؤں سے بچنے کے لیے ٹکٹ کی ادائیگی پر فکر یا غور کریں. اگر آپ اپنی اپیل میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو آپ کی ادائیگی واپس ہو جائے گی.
- اپنا بیان صفائی تیار کریں. تمام ثبوت جمع کریں اور اپنے بیان صفائی میں یہ وضاحت کریں کہ قاضی یا جج کا فیصلہ کیوں غلط تھا. آپ ایسے اضافی ثبوت بھی جمع کرا سکتے ہیں جو آپ کو اپنی اصل سماعت کے وقت دستیاب نہیں ہوسکے تھے.
- اپنے بیان میں بہت محتاط رہیں. مختصر اور نامکمل وضاحتیں موثرنہیں ہوتی ہیں
- کاغذ کی ایک علیحدہ شیٹ پر تفصیلات فراہم کرنے کے لیے اپنا مکمل بیان لکھیں.
- اس بات کی وضاحت کرنے کے لیے قانون کے مطابق اپنے حقائق اور زبان استعمال کریں کہ آپ کو کس طرح یہ یقین ہے کہ جج کا فیصلہ غلط تھا.
- عمومی غلطیوں سے بچنے میں مدد لینے کے NYC آفس پارکنگ سمن ایڈوکیٹ سے رابطہ کریں.

اگر آپ کی اپیل ناکام رہتی ہے تو آپ کے پاس نیویارک اسٹیٹ سپریم کورٹ میں آرٹیکل 78 کے تحت اپلیکیشن یا درخواست دینے کے لیے اپیل کے فیصلہ کی تاریخ سے چار مہینے تک کا وقت ہوگا.

# پارکنگ سمن ایڈووکیٹ NYC آفس سے رابطہ کریں

پارکنگ سمن ایڈوکیٹ کا آفس فنانس ڈیپارٹمنٹ کے اندر ایک خود مختار دفتر ہے. ہمارا مشن یہ ہے کہ:

- پارکنگ یا کیمرے سمن کے مسائل اور شکایات کے حوالے سے عوام کی مدد کریں.
- عوام کے اراکین، فنانس ڈیپارٹمنٹ، اور پارکنگ سمن کے عمل میں شامل دیگر شہر کے اداروں کے درمیان مصالحتی کردار ادا کریں.
- پارکنگ سمن کے قواعد و ضوابط اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کی متعلقہ مالیاتی پالیسیوں کے بارے میں عوام کو مطلع کریں
- پارکنگ سمن کے عمل میں حائل سسٹم مسائل کی نشاندہی کرنا، رپورٹ کرنا اور ان کو حل کرنے میں مدد دیں.

آپ پارکنگ سمن ایڈوکیٹ سے مدد لینے کی درخواست کر سکتے ہیں اگر آپ نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اپنے مسئلے کو حل کرنے کی مناسب کوشش کی ہو اور ناکام رہے ہو.

پارکنگ سمن ایڈوکیٹ کودرخواست دینے یا مدد حاصل کرنے سے آپ کو اپنی ٹکٹ کی ادائیگی کرنے یا تنازعات حل کے لیے زیادہ وقت نہیں دیتا. آپ کو اپنی ٹکٹ پر درج شدہ تمام تاریخوں اور قانون کے مطابق عمل کرنا ہوگا.

ذاتی مدد دستیاب ہے.
تاریخوں اور مقامات کے لیے دیکھیں
.www.nyc.gov/parkingadvocate

مزید معلومات کےلیے دیکھیں
.www.nyc.gov/parkingadvocate

آپ مدد کے لیے 311 نمبر کال کر سکتے ہیں.

اگر آپ کو معذوری کی وجہ سے رہائش کی ضرورت ہوتاکہ ایک سروس لینے یا فنانس ڈیپارٹمنٹ کے پیش کردہ پروگرام میں شرکت کرنے کے لیےدرخواست دینی ہو تو مہربانی فرما کر اس ویب سائٹ www.nyc.gov/contactdofeeo پر معذوروں کی سروس کے سہولت کارسے رابط کریں یا 311 نمبر پر کال کریں.

NYC Department of Finance

nyc.gov/finance

OPSA Brochure [Urdu] – 12.18.18




# ادائیگی کرنے یا متنازعہ پارکنگ کی خلاف ورزیوں کے لیے ایک گائیڈ

پارکنگ سمن ایڈوکیٹ کے آفس کا تیار کردہ

OFFICE OF THE PARKING SUMMONS ADVOCATE

NYC Department of Finance

# جب آپ پارکنگ ٹکٹ حاصل کرتے ہیں تو کیا کرتے ہیں

## اپنی کار کے پاس جانے سے پہلے:

- اپنے ٹکٹ کو پڑھیں
- ثبوت جمع کریں

### تصاویر لیں

ہر ایک پہلو سے اس جگہ کی دستاویزی شکل بنائیں. سڑک کے نام دکھائیں، عمارت کا ایڈریس جہاں آپ کو ٹکٹ جاری کیا گیا تھا اور آپ کے ٹکٹ میں جو بھی حوالہ دیا گیا ہے (علامات، میٹرز، اسٹیکرز یا پلیٹیں، وغیرہ).

### فاصلے کی پیمائش کریں

اگر آپ کے ٹکٹ پر فاصلے کا حوالہ ہے تو اس کی پیمائش کریں. جو کچھ آپ کے پاس ہے،اسے استعمال کریں – پیمائش ٹیپ ، آپ کے جوتے، سائیڈ واک گرڈ، وغیرہ.

### گواہوں سے بات کریں

اگر کوئی گواہ ہے تو ان کے رابطے کی معلومات حاصل کریں اور پوچھیں کہ آیا وہ آپ کی ایماء پر مصدقہ بیان دیں گے.

## گھر جانے کے بعد:

- اس قانون کو دیکھیں جس کے تحت آپ کو خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا گیا ہے.
- پارکنگ کی خلاف ورزیوں کے متعلق مزید دیکھیں www.nyc.gov/parkingadvocate
- آپ نےاپنی ٹکٹ کی ادائیگی کرنی ہے یا اختلاف رائے کرنا ہے.
- آپ نے اس جگہ سے جو تصویری ثبوت جمع کیے ہیں ، ان کے لیے آن لائن نقشہ جات اور سیٹلائٹ کی تصویروں کا استعمال کریں.
- اگر آپ ای میل کے ذریعے ٹکٹ کی ادائیگی کررہے ہیں، تو یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ای میل موصول کرنے اور آپ کے چیک کے عمل کے لیے کافی وقت ہے تاکہ آپ دیر کے جرمانے دینے سے بچ جائیں.

# پارکنگ سے پہلے ان تراکیب پر غور کریں

- جہاں آپ پارک کرتے ہیں تو بلاک کی سائیڈ کی تمام علامات کو دونوں اطراف سے پڑھیں.
- علامات سائن پول سے تیر کے اشارے کی سمت تک، اگلے سائن پول یا اگلے کونے تک قابل اطلاق ہوتی ہیں.
- جہاں آپ کوکسی علاقے کی نشاندہی کرنے والی دو متضاد علامات کا سامنا ہو تو ایسی صورت میں کم از کم پابندیاں کی حامل ایک علامت کی پیروی کریں.
- اگر آپ کو پول کی کسی بھی طرف پارکنگ کرنے سے منع کیا گیا ہو تو پھر پارکنگ کے سائن پول کے پاس نہ کھڑے ہوں. اگر آپ کی گاڑی کا کوئی بھی حصہ اس پول سے آگے آجاتا ہے تو آپ کو ٹکٹ دیا جا سکتا ہے.
- آپ آگ بجھانے والے پانی کے ۱۵ فٹ کے اندر کسی بھی سمت میں پارک نہیں کر سکتے ہیں.
- اگر آپ کے پاس عارضی رجسٹریشن ہے تو اسے اپنے ڈیش بورڈ پر لگانا یاد رکھیں اورزائد المیعاد اسٹیکر کو ونڈ شیلڈ پر لگا دیں جب تک آپ اس کو نئی رجسٹریشن اسٹیکر کے ساتھ تبدیل نہیں کرتے.
- پارک موبائل ایپ استعمال کرتے وقت اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ اس علاقے میں درست داخل ہوئے ہیں جہاں آپ کھڑے ہیں- آپ ایک جگہ کی ادائیگی نہیں کر سکتے جبکہ کھڑے دوسری جگہ ہوں.
- اگر ٹوٹے ہوئے میٹر زون میں پارکنگ ہو تو اس بات کا یقین کریں کہ اس جگہ کی تمام مشینوں پر جہاں آپ پارک کر رہے ہیں، تمام ادائیگیوں کر دی ہیں.
- جب کراس کاکس یا پیدل چلنے والے ریمپوں کے قریب پارکنگ ہو اس بات کا یقین کریں کہ آپ کی گاڑی کا کوئی بھی حصہ کراسکاک لائن کے کسی بھی حصے کو چھوتا یا ریمپ کے کسی بھی حصے کو بند نہیں کرتا.
- اگر آپ کی گاڑی غیر فعال ہوجاتی ہے اور آپ غیرقانونی طور پراسے پارک کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں، تو آپ کو فوری طور پر اسے باندھ کر لے جانا یا کھڑا کرنا ہوگا.

# اپنی پارکنگ ٹکٹ کا کیسے اختلاف رائے کریں

**-1 احتیاط کے ساتھ اپنے ٹکٹ پڑھیں**

اگر کوئی معلومات پڑھی نہ جائیں، غلط، یا موجود نہ ہوں تو اسے اپنے دفاع میں یاد رکھیں. خاص طور پر دستی ٹکٹ پر توجہ دیں.

اگر آپ کیمرہ کی خلاف ورزی پر اختلاف کر رہے ہیں تو ٹکٹ پر چھپی ہوئی ویب ایڈریس پر جائیں اور اپنے خلاف الزامات کا جائزہ لیں.

**-2 اپنے ثبوت جمع کریں**

اس جگہ کی تصاویر اور ویڈیوز جمع کریں، مصدقہ گواہوں کے بیانات، نقشے اور سیٹلائٹ پرنٹ، اور کوئی بھی چیز جوآپ کے کیس میں مدد دے ، سب کو جمع کریں.

**-3 اپنا بیان صفائی تیار کریں**

اپنے کیس کا خلاصہ کرتے ہوئے ایک تفصیلی بیان صفائی لکھیں.

## ٹکٹ کو نظر انداز کرنے کی آپ کو قیمت ادا کرنا ہو گی.

